DAILY SAHAFAT Birmingham
۲۷/رجب المرجب، ۱۴۴۷ھ
19-11-2025
U.K.
عالمی صحافت www.sahafat.in

# ''بہار میں سرعام 'ووٹ چوری'، الیکشن کمیشن خاموش تماشائی بنا رہا''

پٹنہ: بہار اسمبلی انتخاب کا نتیجہ برآمد ہو چکا ہے اور این ڈی اے حکومت کی تشکیل سے متعلق تیاریاں بھی زور وشور سے شروع ہو چکی ہیں۔ اس درمیان اپوزیشن پارٹیاں اور سیاسی تجزیہ نگار یہ سمجھنے میں مصروف ہیں کہ آخر ناقابل یقین حد تک این ڈی اے کے حق میں نتیجہ کس طرح برآمد ہوا۔ اپوزیشن پارٹیاں تو پہلے سے ہی 'ووٹ چوری' کا سنگین الزام الیکشن کمیشن اور پی ایم مودی پر عائد کر رہی تھیں، اب مختلف میڈیا ادارے بھی اس سلسلے میں بات کرنے لگے ہیں۔ کانگریس نے بہار اسمبلی انتخاب سے متعلق 2 یوٹیوب چینل پر پیش کی گئی بات چیت کا مختصر سا حصہ سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر شیئر کیا ہے، جو بہار میں 'ووٹ چوری' کا سنگین الزام عائد کر رہے ہیں۔ کانگریس نے ویڈیو شیئر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ''بی جے پی نے بہار میں سرعام 'ووٹ چوری' کی، الیکشن کمیشن خاموش تماشائی بنا رہا۔'' شیئر کردہ ویڈیو میں 2 کلپ موجود ہیں۔ ایک کلپ 'نیوز پنچ' کا ہے جس میں اینکر سے بات کرتے ہوئے سیاسی ماہر کہتے ہیں کہ ''اگر 1.40 کروڑ خواتین کو 10-10 ہزار روپیہ پہنچتا ہے، تو اس کو 243 اسمبلی حلقہ میں (تقسیم کر کے) دیکھیے، کہ ایک اسمبلی حلقہ میں کتنی خواتین کو فائدہ پہنچ رہا ہے؟'' جواب میں اینکر کہتا ہے ''57 ہزار ہر اسمبلی حلقہ میں۔'' پھر سیاسی ماہر کہتے ہیں ''اتنی خواتین تو ایسے ہی تیار ہو گئیں ووٹر کے طور پر۔ جب سیاں بھیل کوتوال تو پھر ڈر کیسا۔'' وہ یہ سوال بھی کرتے ہیں کہ ''کیا یہ اصول ہے کہ انتخاب سے ٹھیک پہلے آپ اس طرح کی حرکت کیجیے؟''۔

دوسری کلپ میں مشہور و معروف صحافی آشوتوش یوٹیوب چینل 'ستیہ' پر الیکشن کمیشن کو کٹہرے میں کھڑا کرتے ہوئے دکھائی دیتے




ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ''الیکشن کمیشن کی غیر جانبداری تو اپنا تیل لینے چلی گئی۔ جیویکا دیدیوں کی ذمہ داری ہر پولنگ بوتھ پر لگانے کی کیا ضرورت تھی۔'' وہ کہتے ہیں کہ ''10 ہزار روپے جن کو مل رہے ہیں، الیکشن کے دوران جو لوگوں کے اکاؤنٹ میں پیسے آتے ہیں، اُس پر فوراً روک لگنی چاہیے۔'' آشوتوش تشویش کا اظہار کرتے ہوئے یہ بھی کہتے ہیں کہ ''ہندوستان کے اندر ایک نئی طرح کی بدعنوانی کو انسٹی ٹیوشنلائز کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔'' کانگریس نے اپنے 'ایکس' ہینڈل پر بہار میں 'ووٹ چوری' کا الزام عائد کرتے ہوئے مزید ایک ویڈیو شیئر کی ہے۔ اس ویڈیو کے ساتھ کیپشن لگایا گیا ہے ''بہار میں ہوئی 'ووٹ چوری' جمہوریت کا قتل ہے، جسے بی جے پی-الیکشن کمیشن نے انجام دیا ہے۔'' ویڈیو میں بتایا جا رہا ہے کہ ''بہار میں نریندر مودی-الیکشن کمیشن نے زبردست 'ووٹ چوری' کی۔

کانگریس پارٹی لگاتار اس کے ثبوت ملک کے سامنے رکھ رہی ہے۔ پہلے تو بہار میں ایس آئی آر کے نام پر ووٹ کاٹے گئے۔ پھر مودی-نتیش حکومت انتخاب کے درمیان خواتین کے اکاو؟نٹ میں 10 ہزار روپے ڈالتی رہی۔'' اس میں آگے کہا گیا ہے کہ ''الیکشن کمیشن یہ سب دیکھتا رہا، اس نے کوئی کارروائی نہیں کی۔ آخر کرتا بھی کیوں، کیونکہ وہ خود اس دھاندلی میں نریندر مودی کا پارٹنر ان کرائم بنا ہوا تھا۔ لیکن مودی، امت شاہ اور الیکشن کمیشن یہ یاد رکھیں کہ یہ بھاگ کر کہیں نہیں جا سکتے۔'' اس ویڈیو کے آخر میں راہل گاندھی کی ایک پرانی تقریر کا حصہ ڈالا گیا ہے، جس میں وہ کہتے ہیں کہ ''مودی، امت شاہ اور الیکشن کمیشن ... تینوں نے ووٹ چوری کی ہے ہندوستان میں۔ یہ ڈرتے ہیں، ہندوستان کی عوام سے ڈرتے ہیں۔ ہم سب سے یہ ڈرتے ہیں۔'' وہ آگے کہتے ہیں کہ ''ایک نہ ایک دن یہ پکڑے جائیں گے۔ ثبوت ہم نے سامنے رکھا ہے۔ یہ بھاگ کر کہیں نہیں جا سکتے۔''

# سپریم کورٹ کا بچوں کے لاپتہ ہونے کی خبروں پر اظہار تشویش

نئی دہلی: سپریم کورٹ نے منگل کو بچوں کے لاپتہ ہونے کی خبروں پر تشویش ظاہر کی ہے۔ عدالت نے کہا کہ انہوں نے اخبار میں پڑھا ہے کہ ہر آٹھ منٹ میں ایک بچہ لاپتہ ہو جاتا ہے۔ عدالت نے مزید کہا کہ ملک میں بچے کو گود لینے کا عمل اتنا پیچیدہ ہے کہ اس کی خلاف ورزی ہونا فطری بات ہے اور اس عمل کو منظم کرنے کی ضرورت ہے۔ پی ٹی آئی کی رپورٹ کے مطابق، جسٹس بی وی ناگرتنا اور جسٹس آر مہادیون کی بینچ نے مرکز سے کہا کہ وہ بچے کو گود لینے کے نظام کو بہتر اور منظم کریں۔ جسٹس ناگرتنا نے زبانی طور پر کہا، "میں نے اخبار میں پڑھا ہے کہ ملک میں ہر آٹھ منٹ میں ایک بچہ لاپتا ہو جاتا ہے۔ مجھے نہیں معلوم کہ یہ سچ ہے یا نہیں، لیکن یہ ایک سنگین مسئلہ ہے۔" سپریم کورٹ نے یہ بھی کہا کہ گود لینے کا عمل سخت ہے، اسی لیے لوگ غیر قانونی طریقے اختیار کر کے بچے حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

اضافی سولیسٹر جنرل ایشوریا بھاٹی نے مرکز کی طرف سے کہا کہ لاپتا بچوں کے معاملات سے نمٹنے کے لیے ایک نوڈل افسر مقرر کیا جائے، اور اس کے لیے چھ ہفتے کا وقت درکار ہے۔ تاہم، عدالت نے انہیں یہ



وقت دینے سے انکار کر دیا اور دسمبر تک عمل مکمل کرنے کی ہدایت دی۔

بینچ نے 14 اکتوبر کو مرکز کو ہدایت دی تھی کہ وہ تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں لاپتا بچوں کے معاملات دیکھنے کے لیے نوڈل افسر مقرر کرے اور ان کے نام اور رابطہ کی تفصیلات وزارت خواتین و بچوں کی ترقی کے زیر انتظام مشن واتسلیہ پورٹل پر شائع کرے۔ عدالت نے ہدایت دی کہ جب بھی پورٹل پر کسی گمشدہ بچے کے بارے میں شکایت موصول ہو تو اس کی اطلاع متعلقہ نوڈل افسران کے ساتھ شیئر کی جائے۔ اس سے قبل سپریم کورٹ نے مرکز سے کہا تھا کہ وہ لاپتا بچوں کا پتہ لگانے اور ایسے معاملات کی تحقیقات کے لیے وزارت داخلہ کے تحت ایک خصوصی آن لائن پورٹل بنائے۔

این جی او گوریا سویم سیوا سنستھان نے سپریم کورٹ میں درخواست دائر کی تھی، جس میں بچوں کے اغوا یا گمشدہ ہونے کے غیر حل شدہ معاملات کے علاوہ بھارت حکومت کی جانب سے نگرانی کیے جانے والے کھویا/پایا پورٹل پر موجود معلومات کی بنیاد پر کارروائی کی نشاندہی کی گئی تھی۔ درخواست میں گزشتہ سال اتر پردیش میں درج پانچ کیسز کا حوالہ دیا گیا، جن میں نابالغ لڑکوں اور لڑکیوں کو اغوا کر کے بروکرز کے نیٹ ورک کے ذریعے جھارکھنڈ، مدھیہ پردیش اور راجستھان جیسے ریاستوں میں اسمگل کیا گیا۔

# اگر بی جے پی کا بس چلے تو وہ الیکشن ہی نہ کرائے: سچن پائلٹ

حیدرآباد: راجستھان کے ٹونک میں کانگریس رکن اسمبلی سچن پائلٹ نے بہار اسمبلی انتخاب کو لے کر بڑا بیان دیا ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ انتخاب کے دوران لوگوں کے کھاتوں میں 10-10 ہزار روپے ڈالے گئے، لیکن الیکشن کمیشن نے اس پر کسی طرح کی کوئی کارروائی نہیں کی۔ سچن پائلٹ نے سوال اٹھایا کہ کیا کرناٹک انتخاب میں بھی اس طرح کے حالات دیکھنے کو ملیں گے؟ ساتھ ہی الیکشن کمیشن کے کردار پر بھی تشویش کا اظہار کیا۔ کانگریس لیڈر سچن پائلٹ کا کہنا ہے کہ ایس آئی آر کے متعلق راہل گاندھی نے تمام ثبوت پیش کر دیے، لیکن کسی بھی سطح پر کارروائی نہیں کی گئی۔ ساتھ ہی انہوں نے بتایا کہ اب راجستھان میں بھی ایس آئی آر کا عمل شروع ہو چکا ہے اور کانگریس کی جانب سے مقرر کردہ بی ایل اے اس عمل پر نگرانی رکھ رہے ہیں۔ سچن پائلٹ نے امید ظاہر کی ہے کہ راجستھان میں



ووٹ چوری جیسا کوئی معاملہ سامنے نہیں آئے گا، لیکن اگر ایسا ہوا تو وہ سڑکوں پر اتر کر احتجاج کریں گے۔ کانگریس لیڈر نے انتا اسمبلی ضمنی انتخاب میں کانگریس کی جیت پر بھی ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ جیت کانگریس اور پارٹی کے امیدوار پرمود جین بھایا کے کام اور بھروسے کا نتیجہ ہے۔ سچن پائلٹ کے مطابق بی جے پی نے ضمنی انتخاب میں پوری طاقت جھونک دی تھی، لیکن رائے دہندگان نے کانگریس کو مکمل حمایت دی۔ راجستھان میں میونسپل اور پنچایتی راج انتخابات پر تبصرہ کرتے ہوئے سچن پائلٹ نے کہا کہ انتا ضمنی انتخاب ہائی کورٹ کے ذریعہ بی جے پی رکن اسمبلی کو نااہل قرار دیے جانے کے بعد ہوا ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ میونسپل اور پنچایتی راج انتخابات بھی ہائی کورٹ کی مداخلت کے بعد ہی کرائے جا رہے ہیں۔ سچن پائلٹ نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ ''اگر بی جے پی کا بس چلے تو وہ انتخاب کرائے ہی نہیں۔''

# لال قلعہ دھماکہ: سازشی کو 10 دن کی حراست

نئی دہلی: دارالحکومت کی ایک عدالت نے لال قلعہ کار بم دھماکے کے سلسلے میں خودکش حملہ آور عمران نبی کے فعال ہم سازشی




جیسیر بلال کو منگل کو 10 دن کے لیے نیشنل انویسٹی گیشن ایجنسی (این آئی اے) کی حراست میں بھیج دیا۔ پرائمری ڈسٹرکٹ اور سیشن جج انجو بجاج چندنا نے این آئی اے کی درخواست کو قبول کیا تاکہ ملزم سے حراست میں تفتیش کی جا سکے۔ عدالت میں صحافیوں کو داخلے کی اجازت نہیں دی گئی، جس کی وجہ سے کارروائی تقریباً خفیہ انداز میں (بند کمرے میں) انجام پائی۔

عدالت کے احاطے میں پولیس اور ریپڈ ایکشن فورس (آر اے ایف) کی بھاری نفری تعینات تھی، جبکہ مظاہرہ مخالف آلات سے لیس متعدد پولیس اہلکار بھی موجود تھے۔ اینٹی ٹیررازم ایجنسی نے ایک بیان میں کہا کہ اننت ناگ کے قازی گنڈ رہائشی وانی کو پیر کو سری نگر سے گرفتار کیا گیا۔ وانی پر الزام ہے کہ اس نے ڈرون میں تبدیلی کی اور کار بم دھماکے سے قبل راکٹ بنانے کی کوشش کے ذریعے دہشت گردانہ حملوں میں تکنیکی مدد فراہم کی۔ این آئی اے نے وانی کو خودکش حملے کا "فعال ہم سازشی" قرار دیا، جس نے دہشت گردانہ حملوں کی سازش کے لیے عمران نبی کے ساتھ کام کیا۔ عدالت نے پیر کو اس کیس کے مرکزی ملزم عامر رشید علی کو بھی 10 دن کے لیے این آئی اے کی حراست میں بھیجا تھا۔ ایجنسی نے عدالت کو بتایا تھا کہ عامر نے مبینہ طور پر ساز و سامان کے ذریعے ان نبی کو مدد فراہم کی تھی۔

# جو ملک کے مفاد میں ہے وہ کہا جائے: سلمان خورشید

نئی دہلی: کانگریس کے رہنما اور ہندوستان کے سابق وزیر خارجہ سلمان خورشید نے منگل کے روز دہلی میں ہونے والے دہشت گرد حملے کو ملک کے لئے انتہائی تشویشناک قرار دیا اور کہا کہ اس معاملے پر کوئی سیاسی بیان نہیں دینا چاہیے بلکہ صرف وہ بات کہی جائے جو ملک کے مفاد میں ہو۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سلمان خورشید نے کہا کہ اس معاملے پر غیر ضروری سیاسی بیان بازی نہ ہو۔ یہ نہایت حساس مسئلہ ہے اور صرف سرکاری ترجمان کو ہی بات کرنی چاہیے۔ یہ پورے ملک کے لئے تشویش کا باعث ہے۔ 10 نومبر کو دہلی کے لال قلعہ کے قریب ایک دھماکے میں 15 افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہوئے تھے۔ اس واقعے میں مرکزی ملزم ڈاکٹر عمران نبی جو کشمیر کے رہائشی ہیں وہی دھماکہ خیز مواد لے جا رہے تھے۔ قومی تحقیقاتی ایجنسی این آئی اے نے اس سے قبل بتایا تھا کہ دھماکے میں ملوث دہشت گرد کے ایک اور قریبی ساتھی کو گرفتار کر لیا گیا ہے جس نے ڈرون میں تبدیلی کر کے اور راکٹ بنانے کی کوشش کر کے حملے میں تکنیکی مدد فراہم کی تھی۔ جاسر بلال وانی المعروف دانش جو کشمیر کے ہی رہنے والے ہیں



کو این آئی اے کی ٹیم نے سرینگر میں گرفتار کیا۔ این آئی اے کے مطابق تحقیقات سے معلوم ہوا ہے کہ جاسر نے دہشت گردانہ حملے کے لئے تکنیکی مدد فراہم کی تھی۔ انہوں نے ڈرون میں تبدیلی کی اور راکٹ بنانے کی کوشش کی تھی۔ 15 افراد کی جان لینے والے اس کار بم دھماکے میں 30 سے زیادہ افراد زخمی بھی ہوئے تھے۔ ایجنسی کے مطابق جاسر جو قاضی گنڈ ضلع اننت ناگ کے رہنے والے ہیں اس حملے کے اہم شریک تھے۔ انہوں نے عمران نبی کے ساتھ مل کر 10 نومبر کی شام 7 بجے لال قلعہ کے قریب ہونے والے اس حملے کی منصوبہ بندی کی تھی۔ این آئی اے نے مزید کہا کہ وہ اس سازش کے مختلف پہلوؤں کی تحقیق کر رہی ہے۔ مختلف ریاستوں میں چھاپے مار کر حملے میں ملوث تمام افراد کی نشاندہی کی جا رہی ہے۔ یہ اس کیس میں دوسری گرفتاری ہے۔ اس سے قبل اتوار کے روز پہلے کشمیری رہائشی عامر رشید علی کو گرفتار کیا گیا تھا جنہوں نے خودکش بمبار کے ساتھ مل کر اس حملے کی سازش تیار کی تھی۔

# رانچی سنٹرل جیل میں ڈانس پارٹی پر ہائی کورٹ برہم

## دو دن میں مستقل سپرنٹنڈنٹ کی تقرری کا حکم

رانچی: ہوٹوار واقع برسا منڈا سینٹرل جیل میں سنگین مقدمات کے ملزموں کی مبینہ ڈانس پارٹی اور اس کی ویڈیو منظرِ عام پر آنے کے بعد




جھارکھنڈ ہائی کورٹ نے سخت ناراضگی ظاہر کی ہے۔ عدالت نے اس معاملے کا از خود نوٹس لیتے ہوئے منگل کو تفصیلی سماعت کی، جس میں جیل آئی جی سشریر حاضر ہوئے۔ عدالت نے اس واقعے کو انتہائی شرمناک اور جیل نظام کی ناکامی قرار دیا۔ چیف جسٹس ترلوک سنگھ چوہان کی سربراہی والی بنچ نے حکومت کو زبانی حکم دیتے ہوئے کہا کہ برسا منڈا سینٹرل جیل میں دو دن کے اندر اندر مستقل (ریگولر) جیل سپرنٹنڈنٹ کی تقرری یقینی بنائی جائے۔ عدالت نے واضح کیا کہ حساس نوعیت کی جیل میں مستقل افسر کی عدم موجودگی انتظامی بدنظمی اور سیکیورٹی رسک کو بڑھاتی ہے، جس کے نتائج اس واقعے کی صورت میں سامنے آئے۔ عدالت نے سماعت کے دوران سخت ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ جیل جیسے ہائی سکیورٹی مقام پر ایسے سنگین جرائم کے ملزموں کو ڈانس پارٹی کرنے کی اجازت کیسے ملی؟ ساتھ ہی، ویڈیو کے وائرل ہونے سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ قیدیوں کے پاس موبائل فون موجود تھے، جو ضابطوں کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ عدالت نے جیل انتظامیہ کو سختی کے ساتھ حکم دیا کہ کسی بھی حالت میں قیدیوں تک موبائل، چارجر، نشہ آور اشیا یا ایسی کوئی بھی ممنوع چیز نہیں پہنچنی چاہیے۔

# الفلاح یونیورسٹی کے 24 مقامات پر چھاپے

نئی دہلی: ای ڈی نے منگل (18 نومبر) کی صبح دہلی کے اوکھلا میں واقع الفلاح ٹرسٹ اور فریدآباد کی الفلاح یونیورسٹی سے جڑے 24 مقامات پر چھاپے مارے۔ یہ کارروائی منی لانڈرنگ (PMLA) سے متعلق ایک معاملے کے تحت کی گئی ہے۔ ایجنسی کو شبہ ہے کہ یونیورسٹی، اس کے مالکان اور مینجمنٹ نے بڑے پیمانے پر مالی بے ضابطگیاں کی ہیں، اسی لیے ان کے مقامات سے دستاویزات اور ڈیجیٹل شواہد اکٹھے کیے جا رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق، ای ڈی نے صبح اوکھلا میں الفلاح ٹرسٹ کے مرکزی دفتر، یونیورسٹی کیمپس اور مینجمنٹ سے منسلک افراد کے گھروں سمیت متعدد جگہوں پر ایک ساتھ چھاپے مارے۔ دہلی کے جامعہ نگر اور اوکھلا وہار سے لے کر فریدآباد کے سیکٹر 22 واقع یونیورسٹی کیمپس تک ای ڈی کی کئی ٹیمیں صبح سویرے سے ہی تعینات رہیں۔

تحقیقات میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ الفلاح گروپ سے منسلک 9 کمپنیاں ایک ہی پتے پر رجسٹرڈ ہیں اور ابتدائی جانچ میں ان کے شیل کمپنیاں ہونے کے کئی شواہد ملے ہیں۔ دیا گیا پتہ پر نہ دفتر ملا، نہ بجلی یا پانی کے استعمال کا کوئی ریکارڈ۔

کئی کمپنیوں میں ایک ہی موبائل نمبر اور ای میل آئی ڈی استعمال کی گئی تھی، EPFO اور ESIC میں کوئی فائلنگ موجود نہیں تھی، جبکہ کاغذوں میں انہیں بڑی کمپنیاں ظاہر کیا گیا تھا۔ کئی کمپنیوں میں ایک ہی ڈائریکٹر اور سائنٹری پائے گئے، بینک اسٹیٹمنٹ میں تنخواہوں کی منتقلی بہت کم دیکھی گئی، اور HR سے متعلق دستاویزات دستیاب نہیں تھے۔

# چورو میں روک دیا گیا کانگریس کا ٹریکٹر مارچ

## کسانوں کے مسائل پر ممبر پارلیمنٹ راہل کسواں نے دیا تحریک کا انتباہ

جے پور: راجستھان میں کسانوں کے مسائل کو لے کر اپوزیشن کانگریس پارٹی نے بی جے پی زیر قیادت ریاست کی بھجن لال حکومت کی گھیرابندی شروع کر دی ہے۔ کانگریس کے رکن پارلیمنٹ نے جے پور تک ٹریکٹر ریلی کی کال دی تھی۔ اس کے جواب میں کانگریس کے رکن پارلیمنٹ راہل کسواں اور پارٹی کے کئی دیگر رہنماؤں نیز بڑی تعداد میں کسانوں نے پیر کو چورو میں ٹریکٹر ریلی نکالی۔ کانگریس لیڈروں نے ٹریکٹر مارچ کے ساتھ جے پور کوچ کرنے کا منصوبہ بنایا تھا لیکن پولیس نے چورو کے رتن پورہ میں ریلی کو روک دیا۔ بعد ازاں راہل کسواں کی قیادت میں ایک نمائندہ وفد نے جے پور میں ریاستی وزیر زراعت سے ملاقات کی۔

واضح رہے کہ راجستھان میں حال ہی میں ہونے والے انتا اسمبلی ضمنی انتخاب نے کانگریس پارٹی میں نیا جوش بھر دیا ہے اور وہ ریاست کی بی جے پی حکومت پر دباؤ بنانے کی حکمت عملی کے طور پر مفاد عامہ کے مسائل کو زور وشور سے اٹھا رہی ہے۔ اس سلسلے میں راہل کسواں نے کہا کہ اگر کسانوں کے مسائل جلد حل نہیں ہوئے تو وہ دوبارہ تحریک شروع کریں گے۔ کانگریس کی کال پر سینکڑوں ٹریکٹر والے



اس مارچ میں چورو کے ایم ایل اے نریندر بوڈانیا، سابق ایم ایل اے کرشنا پونیا اور کئی مقامی لیڈران شامل ہوئے۔

اس موقع پر راہل کسواں نے کہا کہ چورو اور راجستھان بھر میں کسانوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے خاص طور پر 500 کروڑ روپے کے خریف 2021 فصل بیمہ دعوؤں کو مسترد کیے جانے کا ذکر کیا۔ انہوں نے فصل بیمہ نظام میں تضادات کا الزام بھی لگایا۔ اس کے علاوہ ایم پی نے ڈی اے پی اور یوریا جیسی کھادوں کی قلت اور بلیک مارکیٹنگ، ایم ایس پی ٹوکن کی تواضح رہے کہ راجستھان میں حال ہی میں ہونے والے انتا اسمبلی ضمنی انتخاب نے کانگریس پارٹی میں نیا جوش بھر دیا ہے اور وہ ریاست کی بی جے پی حکومت پر دباؤ بنانے کی حکمت عملی کے طور پر مفاد عامہ کے مسائل کو زور وشور سے اٹھا رہی ہے۔ اس سلسلے میں راہل کسواں نے کہا کہ اگر کسانوں کے مسائل جلد حل نہیں ہوئے تو وہ دوبارہ تحریک شروع کریں گے۔

# 'ایس آئی آر سے منسلک بی ایل او الگ الگ ریاستوں میں خودکشی کر رہے'، کانگریس کا سنگین الزام

نئی دہلی: کیرالہ اور راجستھان میں بی ایل او (بلاک لیول افسر) کے ذریعہ خودکشی کیے جانے کا دردناک معاملہ سامنے آیا ہے۔ اس سلسلے میں کانگریس نے الیکشن کمیشن کے ساتھ ساتھ وزیراعظم نریندر مودی کو بھی ہدف تنقید بنایا ہے۔ کانگریس کا کہنا ہے کہ ایس آئی آر سے منسلک بی ایل او الگ الگ ریاستوں میں خودکشی کر رہے ہیں، کیونکہ انھیں دباؤ کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ کانگریس نے ایک ہندی خبر کا تراشہ سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر شیئر کیا ہے، جس کا عنوان ہے 'ووٹر لسٹ ریویزن - کیرالہ اور راجستھان میں بی ایل او نے کی خودکشی: گھر والے بولے- کام کا دباؤ تھا؛ 12 ریاستوں میں اب تک 49 کروڑ فارم تقسیم کیے'۔ یہ تراشہ پیش کرنے کے ساتھ کانگریس نے اپنی پوسٹ میں لکھا ہے کہ ''الیکشن کمیشن اور نریندر مودی سازش کے تحت پورے ملک میں ایس آئی آر کرانے میں مصروف ہیں۔'' سوشل میڈیا پوسٹ میں کانگریس نے آگے لکھا ہے کہ ''یہ بھی کو معلوم ہے کہ ایس آئی آر وہ ٹول ہے، جس کا استعمال 'ووٹ چوری' کے لیے کیا جاتا ہے۔ لیکن... اب فکر انگیز خبریں سامنے آ رہی ہیں۔ ایس آئی آر سے منسلک بی ایل او الگ الگ ریاستوں میں خودکشی کر رہے ہیں، جو بے حد غمناک ہے۔'' پارٹی نے مزید لکھا ہے کہ ''گیانیش کمار اپنے غیر اخلاقی کام کے لیے بی ایل او پر دباؤ بنا رہے ہیں، جو پوری طرح سے غلط ہے۔''

# ہند-امریکہ تجارتی معاہدے میں توازن پر ہی ملے گی خوشخبری: گوئل

نئی دہلی: وزیر برائے تجارت وصنعت پیوش گوئل نے منگل کو کہا کہ ہندوستان اور امریکہ کے درمیان مجوزہ تجارتی معاہدے پر خوشخبری صرف اسی صورت میں سنی جائے گی جب یہ معاہدہ مناسب، منصفانہ اور متوازن ہوگا۔ گوئل نے کہا کہ ہندوستان اس معاہدے میں کسانوں اور مچھیرے کے مفادات کو بھی مدنظر رکھے گا۔ انڈو-امریکی چیمبر آف کامرس کی جانب سے یہاں منعقدہ 22 ویں بھارت-امریکہ اقتصادی سربراہی اجلاس میں انہوں نے کہا کہ تجارتی معاہدے کے لیے مذاکرات ایک عمل ہے اور ایک قوم کے طور پر بھارت کو کسانوں، مچھیرے اور چھوٹے صنعت کاروں کے مفادات کا تحفظ کرنا ہوگا۔ گوئل نے کہا، "ایک قوم کے طور پر بھارت کو اپنے مفادات کی حفاظت کرنی ہوگی۔ ہمیں اپنے اسٹیک ہولڈرز اور کمپنیوں کے مفادات کی حفاظت کے ساتھ ساتھ



کسانوں، مچھیرے اور چھوٹے صنعت کاروں کے تئیں حساسیت کے ساتھ توازن قائم کرنا ہوگا۔

" انہوں نے مزید کہا، "جب ہم صحیح توازن قائم کر لیں گے، تو یقین رکھیں کہ ہمیں اس کے نتائج ملیں گے ... جب یہ معاہدہ منصفانہ، مناسب اور متوازن ہو جائے گا، تو آپ کو خوشخبری سننے کو ملے گی۔" بھارت اور امریکہ مارچ سے مجوزہ دوطرفہ تجارتی معاہدے پر مذاکرات کر رہے ہیں اور اب تک چھ دور کی بات چیت مکمل ہو چکی ہے۔ گوئل نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو لے کر فکر کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ انہوں نے کہا، "کبھی کبھار خاندان میں تھوڑی بہت تلخیاں ہو جاتی ہیں ... مجھے نہیں لگتا کہ تعلقات میں کوئی دراڑ ہے۔ یہ دونوں ممالک کے لیے بہت اہم ہے۔" وزیر نے یہ بھی اشارہ دیا کہ امریکہ کے ساتھ ایل پی جی درآمد کا معاہدہ کئی سال کے لیے ہو سکتا ہے۔

# شمالی ہندوستان سرد لہر کی زد میں

نئی دہلی: ملک کے کئی حصوں میں سردی نے پوری شدت کے ساتھ اپنے تیور دکھانے شروع کر دیے ہیں اور شمالی ہندوستان اس وقت شدید سرد لہر، کہرے اور ٹھٹھرتی ہوئی ہواؤں کے اثر میں ہے۔ نومبر کے تیسرے ہفتے میں داخل ہوتے ہی موسم نے اچانک کروٹ لی اور درجہ حرارت میں واضح کمی درج کی گئی۔ دہلی-این سی آر، اتر پردیش، بہار اور جھارکھنڈ میں سردی کی شدت بڑھ گئی ہے، جبکہ پہاڑی علاقوں میں برفباری اور جنوب میں بارش نے صورتحال مزید پیچیدہ کر دی ہے۔ ہندوستانی محکمہ موسمیات کے مطابق 18 نومبر (منگل) کو دہلی-این سی آر میں سردی کی لہر کا سلسلہ برقرار رہے گا۔ صبح اور رات کے اوقات میں چلنے والی تیز اور خشک ہوائیں لوگوں کے لیے مشکلات بڑھا رہی ہیں۔ راجدھانی دہلی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت تقریباً 26 ڈگری اور کم سے کم درجہ حرارت 10 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے کا امکان ہے، جبکہ متعدد علاقوں میں صبح کے وقت کہرا چھایا رہا جس سے ٹریفک کی رفتار بھی متاثر ہوئی۔ اسی طرح اتر پردیش میں تیزی سے سردی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ پیر کی صبح پریاگ راج میں اس موسم کا پہلا گھنا کہرا ریکارڈ کیا گیا، جس کی وجہ سے حد بصارت میں نمایاں کمی آئی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق صوبے کے زیادہ تر حصوں میں آسمان صاف رہے گا، تاہم سردی کی لہر کا اثر جاری رہے گا۔ لکھنؤ میں 18 نومبر کو زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 28 ڈگری جبکہ کم سے کم 14 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ جھارکھنڈ کے گڑھوا، پلاموں، چترا، لاتیہار، لوہردگا، گملا اور سمڈیگا میں سردی کی لہر کو مدنظر رکھتے ہوئے یلو الرٹ جاری کر دیا گیا ہے۔

# سعودی عرب میں بس حادثہ: تلنگانہ حکومت کی ہنگامی کارروائیاں، حیدرآباد اور نئی دہلی میں ہیلپ لائن قائم

حیدرآباد: تلنگانہ حکومت نے سعودی عرب میں پیش آئے المناک بس حادثے پر فوری اور سنجیدہ ردعمل دیتے ہوئے ہنگامی نوعیت کی ایک جامع حکمتِ عملی تشکیل دی ہے۔ سعودی عرب میں مدینہ کے قریب ایک آئل مینکر سے ٹکر کے بعد بس میں آگ بھڑک اٹھی تھی، جس میں متعدد ہندوستانی شہری جاں بحق ہو گئے، جب کہ کچھ افراد شدید زخمی حالت میں زیرِ علاج ہیں۔ اس سانحے نے نہ صرف متاثرہ خاندانوں کو غمزدہ کر دیا بلکہ ہندوستان بھر میں افسوس کی لہر دوڑا دی ہے۔ تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ فوری اقدامات کو یقینی بنائیں اور متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن معاونت فراہم کریں۔ وزیراعلیٰ کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے ریاستی حکومت نے تلنگانہ بھون، نئی دہلی میں ایک ہنگامی جائزہ میٹنگ طلب کی، جس کی صدارت ریزیڈنٹ کمشنر ڈاکٹر ششانک گوئل نے کی۔ اجلاس میں حادثے سے متعلق دستیاب ابتدائی معلومات کا جائزہ لیا گیا اور فیصلہ کیا گیا کہ مسلسل رابطے اور درست اپ ڈیٹس کے لیے وزارتِ خارجہ میں ایک خصوصی رابطہ افسر تعینات کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے ریاست کے چیف سکریٹری اور ڈی جی پی کو ہدایت دی کہ وہ وزارت خارجہ، ریاض میں مقیم ہندوستانی سفارت خانے اور سعودی حکام کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہیں تاکہ حقائق سامنے آتے ہی کارروائی کی رفتار متاثر نہ ہو۔ اس کے ساتھ ہی حیدرآباد اور نئی دہلی میں ہیلپ لائن مراکز قائم کیے گئے ہیں تاکہ متاثرہ خاندانوں کو بروقت معلومات فراہم کی جا سکیں اور کسی بھی قسم کی رابطے کی دشواری دور کی جا سکے۔ ریاستی کابینہ نے صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد یہ فیصلہ بھی کیا ہے کہ ایک سرکاری وفد کو فوری طور پر سعودی عرب بھیجا جائے گا۔

